ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (800)

18-12-2022

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر مسیحی عبادت گاہوں پر ہونے والی عبادت کے حوالے سے سیکیورٹی کے سخت انتظامات،سینکڑوں پولیس افسران و اہلکار ڈیوٹی پر تعینات،متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے سیکیورٹی پلان کے مطابق پولیس افسران کو چیک کیا،مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے،ڈی پی او۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایت پر اتوار کے روز ہونے والے پروگرامز کے لیے مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیئے گئے۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران و اہلکاران تعینات کیے گئے تھے،چھتوں پر بھی پولیس ملازمان کو تعینات کیا گیا۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران و اہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔اس موقع پر ڈی پی او عبادت نثار نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عبادت گاہوں میں بھی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں،ایسے مقامات کی سیکیورٹی اور امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے،مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



**بہاولپور: پولیس کے افسران اور جوان مسیحی عبادت گاہوں پر سکیورٹی ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے۔**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(801)

18-12-2022

## بہاول پور () نواز بگا شہید پولیس ڈرائیونگ سکول حاصل پور کے مارننگ وایوننگ کے موٹرسائیکل/موٹر کار اور جیپ کے بیج نمبر 07 کی ٹریننگ مکمل, اسٹوڈنٹس میں اچیومنٹ سٹرفکیٹ تقسیم،ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی وکم علمی اور نا تجربہ کار ڈرائیورز کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہوجاتی ہیں،مہلک حادثات سے بچنے کے لیے ڈرائیونگ اسکول میں بہترین تربیت اور شہریوں کوٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جارہی ہے،ڈی پی او عبادت نثار۔

تفصیلات کے مطابق پنجاب کے دیگر اضلاع کی طرح بہاول پور میں بھی شہریوں کو بہترین تربیت دینے کے لیےنواز بگا شہید پولیس ڈرائیونگ سکول حاصل پور کا قیام عمل میں لایا گیا ہے، جہاں پر صبح وشام دوشفٹوں میں اسٹوڈنٹس کوموٹر سائیکل/موٹر کار کے علاوہ LTV کی بہترین تربیت دی جارہی ہے،اس سلسلہ میں دو ہفتہ مشتمل ٹریننگ کے موٹر سائیکل/موٹر کار اور جیپ کے بیج نمبر 07 کی ٹریننگ مکمل کرنے والے اسٹوڈنٹس کے لیےتقریب کا اہتمام کرتے ہوئے اچیومنٹ سرٹیفکیٹس دیئے گئے۔اب تک 93 امیدواران سرٹیفیکیٹ حاصل کر چکے ہیں۔بیج نمبر 08 کی ٹریننگ شروع کر دی گئی ہے۔ٹریننگ کے دوران پہلے مرحلے میں سٹوڈنٹس کو پہلے اسکول کے ٹریک، دوسرے مرحلے میں مصروف روڑز پر پیشہ ورانسٹرکٹرز کے ہمراہ ٹریننگ کروائی جاتی ہے تا کہ سٹوڈنٹس میں گاڑی چلاتے وقت اعتماد میں اضافہ ہواور کورس کے آخر میں سٹوڈنٹس کا تحریری اور عملی ٹیسٹ لیا جاتا ہے۔اسکول کے اسٹاف نے ڈرائیونگ کی تربیت حاصل کرنے والوں کو دن اور شام کے اوقات میں مرحلہ وار مکمل ٹریننگ کے ساتھ ساتھ گاڑیوں کی مینٹینس، پریکٹیکل ٹریننگ جس میں ٹریفک سائن بورڈ، روڈ سیفٹی اور قانون کی پاسداری و اچھے ڈرائیور کی خصوصیات بھی سکھائیں، اچھی اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افراد کو اچیومنٹ سٹرفکیٹ جاری کیے جاتے ہیں۔دوران ٹریننگ نمایاں کارکردگی کے حامل اسٹوڈنٹس کوانچارج ڈرائیونگ ٹریننگ اسکول نے سرٹیفکیٹس تقسیم کیے،ڈی پی او عبادت نثار نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ پولیس ڈرائیونگ اسکول میں جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کیا جارہا ہے،آن لائن ٹیسٹ، سفارش اور مڈل مین کے بغیر صرف قومی شناختی کارڈ کے ذریعے پولیس خدمت مراکز پر لرنرز اور لائسنس کے لیے اپلائی/جاری کیے جاتے ہیں،ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی وکم علمی اور نا تجربہ کار ڈرائیورز کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہوجاتی ہیں،مہلک حادثات سے بچنے کے لیے ڈرائیونگ اسکول میں بہترین تربیت وشہریوں کوٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جارہی ہے،لائسنس ایشو کرنے میں شفافیت اور میرٹ کو ہرصورت مدنظر رکھا جارہا ہے،ٹریفک اسٹاف کو ہدایت کی گئی ہے کہ مزید عوام کوٹریفک قوانین کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنے کیلئے خصوصی مہم چلائیں اور تربیتی سیمینار بھی منعقد کئے جائیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:نواز بگا شہید پولیس ڈرائیونگ سکول حاصل پور کے مارننگ وایوننگ کے موٹرسائیکل/موٹر کار اور جیپ کے بیج نمبر 07 کی ٹریننگ مکمل

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(802)

18-12-2022

**بہاول پور() پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گذشتہ 15 روز کی کارکردگی، 196 اشتہاریوں سمیت 346 ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد، مقدمات درج۔ضلع میں جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے، معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا، ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب فیصل شاہکار کے احکامات کی روشنی میں بہاول پور پولیس نے مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے درجنوں ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے داؤ پر لگی رقم، منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کر لیا۔تھانہ صدر احمد پور شرقیہ، سٹی حاصلپور اور عنائتی پولیس نے قمار بازوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 18 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے داؤ پر لگی ہوئی لاکھوں روپے اور جواء کا سامان برآمد کر لیا۔شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے کو 60 ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 2939 لیٹر دیسی شراب، 954 لیٹر لہن معہ 08 چالو بھٹیاں برآمد کر لیں۔منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں 30 ملزمان کو گرفتار کر کے 80150 گرام چرس، 8400 گرام افیون، 1200 گرام بھنگ اور 30 گرام آئس برآمد کر لی۔پولیس نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 42 ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 36 عدد پسٹل 30 بور، 02 عدد کلاشنکوف، 01 رپیٹر اور 03 ریوالور 32 بور برآمد کر لیے۔مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ضلع بھر کی پولیس نے کیٹگری "A" کے 20 اور "B" کے 176 سمیت 196 مجرم اشتہاریوں کو بھی گرفتار کر کے چالان عدالت کیا گیا۔تھانہ سمہ سٹہ، اوچ شریف اور بغداد الجدید پولیس نے پکار 15 پر جھوٹی اطلاعات دینے پر 03 ملزمان کو اور ساؤنڈ ایکٹ کی خلاف ورزی پر تھانہ سول لائنز، سٹی حاصلپور، قائمپور اور ڈیراور نے 04 مقدمات درج کر کے 06 ملزمان کو گرفتار کر لیا جبکہ تھانہ سٹی حاصلپور نے قحبہ خانہ پر کاروائی کرتے ہوئے 07 ملزمان کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے۔ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ ضلع میں جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے، معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گذشتہ 15 روز کی کارکردگی، 196 اشتہاریوں سمیت 346 ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد، مقدمات درج